


Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

Pages:12 ● 65 :شمارہ ● 12:جلد ● KOLKATA ● Saturday, 8th March, 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● بمطابق ۷ رمضان ۱۴۴۶ھ ● سنیچر، ۸ مارچ ۲۰۲۵ء ● کلکتہ




## کرناٹک کی کانگریس حکومت نے قبرستان اور وقف جائیدادوں کے لیے کھولا خزانہ، دیگر اقلیتی طبقات کو بھی دی خوشخبری

کرناٹک 7 مارچ: کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا نے جمعہ کے روز ریاست کا بجٹ پیش کیا جس میں اقلیتی طبقہ پر خصوصی توجہ دی گئی۔ مسلمانوں کے ساتھ ساتھ دیگر اقلیتی طبقات کو بھی ریاست کی کانگریس حکومت نے خوشخبری سنائی ہے۔ مسلم طبقہ کے لیے اس بجٹ میں ایک اہم بات یہ موجود ہے کہ ریاستی حکومت نے وقف جائیدادوں کی مرمت، تعمیر نو اور مسلم قبرستانوں کے بنیادی ڈھانچوں کے تحفظ کے لیے 150 کروڑ روپے کی رقم کو منظوری دی



..........باقی صفحہ 02 پر

## بنگلہ دیش میں ”خلافت“ طرز کی اسلامی ریاست بنانے کی پکار ڈھاکہ میں پولس نے جہادیوں کے حوصلے کو پست کر ڈالا

ڈھاکہ 7 مارچ: بنگلہ دیش میں اسلامک اسٹیٹ (آئی ایس) کے طرز پر جحیت تحریر نے خلافت کے لئے پکار لگائی۔ جمعہ کے بعد ڈھاکہ میں بنیاد پرستوں نے راستے بھر میں انبوہ بھیڑ لگائی۔ ”نیا“ بنگلہ دیش جو اس وقت بدامنی وتشدد کے ماحول میں گھرا ہوا ہے یہ اس کی منہ بولتی تصویر ہے۔ گرچہ جنگی وتشدد مچانے والی اس میٹنگ کو منتشر کرنے کے لئے پولس اہلکاروں نے ٹیئر گیس وساؤنڈ گرینیڈ بھی چھوڑے۔ اور اسی کے بعد ہی پورا ڈھاکہ شہر میدان جنگ میں تبدیل ہو گیا۔ دراصل شیخ حسینہ کے عمل میں اس پر لگام نہیں لگایا گیا تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ پورا بنگلہ دیش بدامنی کا شکار ہو گیا۔ ناکام یونس حکومت میں اب تو حجوت کی طرح کئی جہادی تنظیمیں سر ابھار چکی ہیں۔ بتایا جارہا ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد ممنوع حجوت تحریز ہے مارچ فار خلافت کو رائج کرنے کی پکار لگائی تھی۔ اس اعلان کے بعد ہی نماز ختم ہوا تو جہادیوں نے ڈھاکہ میں ایک لمبا جلوس نکالا۔ حساس جلوس کا اندازہ کرنے کے بعد وہاں پولس بھی آ پہنچی۔ جلوس نے بدنظمی روا رکھتے ہوئے ممانعت کی پرواہ کئے بغیر پلٹن موڑ پار کر کے وجئے نگر موڑ کی طرف بڑھنے لگا۔ تو حفظ ما تقدم



..........باقی صفحہ 02 پر




بِصَوْمِ غَدٍ نَّوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ
اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

| رمضان | ختم سحری | مارچ | وقت افطار |
|---|---|---|---|
| 07 | 04 32 | 08 | 05 48 |

## عدالت اب ریاست کو منہدم ڈھانچے کی تعمیر نو کا حکم دے گی: سپریم کورٹ کا یوپی حکومت کو انتباہ

نئی دہلی 7 مارچ: جسٹس ابھے ایس اوکا اور جسٹس این کوٹیشور سنگھ کی بنچ نے سخت ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات "حیران کن اور غلط اشارہ" دیتے ہیں۔ جسٹس اوکا نے مزید کہا کہ آرٹیکل 21 بھی ایک چیز ہے۔ جسٹس اوکا نے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کی طرف بھی اشارہ کیا جس میں انہدام سے قبل عمل کرنے کا طریقہ کار طے کیا گیا ہے۔ "اب بلڈوزر انصاف پر بھی رابطہ بینچ کا فیصلہ ہے۔" جسٹس اوکا نے ریاست پر کڑی تنقید کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ عدالت اب ریاست کو منہدم ڈھانچے کی تعمیر نو کا حکم دے گی۔ جسٹس اوکا نے کہا کہ اب ہم آپ کی لاگت پر تعمیر نو کا حکم دیں گے، ایسا کرنے کا یہی واحد طریقہ ہے۔ درخواست دہندگان، ایڈوکیٹ ذوالفقار حیدر، پروفیسر علی احمد، دو بیوائیں، اور ایک اور فرد، نے الہ آباد ہائی کورٹ

..........باقی صفحہ 02 پر

## ممبئی حملے کے کلیدی ملزم تہوّر رانا کو امریکی سپریم کورٹ سے بڑا جھٹکا، ہندوستان حوالگی کی راہ ہموار

ممبئی 7 مارچ: امریکی سپریم کورٹ نے 2008 کے ممبئی حملوں کے کلیدی ملزم تہوّر رانا کی ہندوستان حوالگی پر روک لگانے کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق، جسٹس ایلینا کیگن نے ان کی عرضی کو خارج کر دیا، جس کے بعد ان کی حوالگی کا راستہ




..........باقی صفحہ 02 پر









روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سنیچر، ۸ر مارچ ۲۰۲۵ء

# ملک بھر میں نفرت کی یہ آندھی ہندستان کو کہاں لے جا رہی ہے؟

جس طرح سے ہندستانی پارلیمنٹ میں اجلاس کے دوران مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈران حکمراں جماعت اور اپوزیشن پر پھبتیاں کستے رہتے ہیں اور بیشتر موقعوں پر جھڑپ جیسی صورتحال پیدا ہوجاتی ہے اور حکمراں جماعت اور اپوزیشن کے درمیان جھڑپ بڑھتے بڑھتے اسپیکر کے مقام تک پہنچا جاتی ہے جب حکمراں جماعت کے اشارے پر اسپیکر پوری اپوزیشن کو یا اپوزیشن کے چند خاص لیڈروں کو ایوان سے معطل کردیئے جانے کا حکم سناتے ہیں اور عام لوگ جب اس خبر کے بارے میں اخباروں میں پڑھتے ہیں تو انہیں بڑی حیرت ہوتی ہے کہ یہ قانون ساز ایوان میں اس طرح لڑتے ہیں کہ انہیں دیکھ کر بڑے بڑے لڑا کو منہ میں رومال لپیٹ کر نکل جاتے ہیں، دوسری طرف انہیں اس پر بھی حیرت ہوتی ہے کہ اسپیکر کیا صرف حکمراں جماعت کے اشارے پر چلتے ہیں اور اس کی ڈیوٹی صرف یہ ہے کہ وہ حکمراں جماعت کے لیڈر پر نظر رکھے اور وہ جیسا اشارہ کرے وہ اس کا اشارہ سمجھ کر حکم بجالائے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ ایوان میں حکمراں جماعت کے سفید جھوٹ کے خلاف جب اپوزیشن ممبران سراپا احتجاج بنتے ہیں تو اس کی بھی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے اور بغیر کسی وجہ کے اپوزیشن ممبران احتجاج نہیں کرتے اور کبھی کبھی یہ احتجاج کرسی اٹھا پٹخ اور ممبروں کے درمیان ڈھشم ڈھشم تک پہنچ جاتی ہے اور ایسی صورت میں اپوزیشن کے ممبران کو جو اس ہنگامے میں ملوث تھے اور جن کا چہرہ ٹی وی والے بالکل بریکینگ نیوز کے طور پر سارا دن دکھاتے رہتے ہیں اور یہ بھی دکھاتے ہیں عزت مآب اسپیکر نے ہنگامہ میں ملوث اپوزیشن ممبروں کو موجودہ اجلاس سے معطل کیا جاتا ہے اور اسپیکر کے اس اعلان سے حکمراں جماعت نے لڈو بانٹے۔ یہاں سوال یہ اٹھتا ہے کہ کیا ہنگامے کے دوران حکمراں جماعت کے ممران بالکل سچائی کی مورت بنے ہوئے تھے اور کیا وہ خود بھی اپوزیشن پر حملہ کرنے کے ذمہ دار نہیں تھے تو پھر اسپیکر نے صرف اپوزیشن کے ممبروں کو معطل کیوں کیا اور کیوں نہیں 10 اپوزیشن کے مقابلے میں 2 حکمراں جماعت کو بھی شامل کیا جاتا۔ یہ معاملہ ہندستان میں مختلف تنازعات ذات پات، اونچ نیچ اور مذہبی پہچان کی بنیاد پر ہوتا ہے اور اس وقت بڑی حیرت ہوتی ہے جب ایسی خبر ملتی ہے کہ رمضان میں تراویح پڑھ کر واپس آنے والوں پر ہندوؤں نے اپنے گھروں کی چھتوں سے پتھراؤ کیا اور ان پر کیچڑ پھینکے جس سے تناؤ بڑھ گیا اور نوبت گریبان پکڑنے تک چلی گئی اور بعد میں پولس والوں نے اس ہنگامے کی ذمہ داری چند داڑھی اور ٹوپی والے کے سر رکھ دی اور انہیں مورد الزام ٹھہرایا کہ تراویح پڑھ کر گھر واپسی کے دوران مسلمانوں نے ہندوؤں کے گھروں اور چھتوں پر پتھراؤ کیا جس سے چند لوگ زخمی ہوگئے لہٰذا ان تراویح پڑھ کر واپس ہونے والوں کو فساد کرنے کے جرم میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ یہ بھی سوچنے والی بات ہے کہ تراویح پڑھ کر آنے والوں پر ایسا رکیک الزام عائد کیا گیا کہ انہوں نے ہندوؤں پر پتھراؤ کیا، لیکن مقصد چونکہ مسلمانوں کو پریشان اور ہراساں کرنے کا تھا لہٰذا مسلمانوں کے خلاف پولس کیس ہوا اور یہ مقدمہ ہی اس عدالت میں پیش ہوا جس کے جج نے اپنے ایک حالیہ بیان میں کہا تھا کہ اب عدالتوں کے فیصلے حکمراں جماعت یا مذہبی طور پر اکثریت رکھنے والوں کے حق میں ہوتی ہے اب اگر کوئی ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا جج یہ کہے تو سوچنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے کہ اس کے اندر کا ضمیر بول رہا ہے یا وہ اقلیتی فرقہ کو مزید طیش دلانے اور ان کی بے عزتی کرنے کے لئے کہا جارہا ہے۔ ویسے اس وقت ہندستان میں جس کی حکومت ہے اس کی گٹھی گٹھی میں مسلم دشمنی بھری ہوئی ہے لیکن یہ کہنا مشکل ہے کہ پی ایم مودی اور وزیر داخلہ میں سے کون صحیح معنوں میں زیادہ کارگر ہے۔ بلکہ یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ اس وقت پی ایم مودی اور امیت شاہ کی جگہ لینے کے لئے اتر پردیش اور آسام کے وزیر اعلیٰ یوگی ادیتہ ناتھ اور بسوا سرما میں دوڑ لگی ہوئی ہے اور دونوں میں سے کون کتنی تیز رفتاری سے مسلمانوں کے خلاف زہر اگل سکتا ہے، اس وقت یہی دیکھا جارہا ہے اور عقل حیران ہے کہ یہ ایک آزاد اور سیکولر ملک ہے جہاں رمضان میں مغرب کی اذان مائیک سے دیدینے پر مسجد کے امام، موذن اور نمازیوں پر پولس کیس بن جاتا ہے اور ان کی گرفتاری کے ساتھ مسجد کے امام پر تین لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا جاتا ہے اور یہی سب وہ حرکتیں ہیں جسے انجام دے کر یہ نام نہاد رام کے پجاری رام کا نام بدنام کررہے ہیں آج یہ وہ ملک بن گیا ہے جہاں تراویح پڑھ کر مسجد سے واپس ہونے والوں پر پتھراؤ کیا جاتا ہے اور انہیں ہر طرح سے پریشان کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور ایسا کرکے وہ ملک میں رام راجیہ قائم کرنا چاہتے ہیں۔ پی ایم مودی اور امیت شاہ نے جیسی نفرت کی آگ پھیلادی ہے اس کے بعد تو یہی سب کچھ دیکھنے کو ملنا تھا۔ (خ الف ف)

# رمضان میں غریبوں، مسکینوں، ضرورت مندوں اور محنت کشوں کی مدد، ایک عظیم فریضہ



رمضان المبارک رحمت، مغفرت اور جہنم سے نجات کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں نیکیوں کا ثواب کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے اور ہمیں اپنی عبادات کے ساتھ دوسروں کی مدد کرنے کی بھی ترغیب دی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ اور صدقہ کو فرض اور مستحب قرار دیا تاکہ معاشرے کے مستحق افراد کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ زکوٰۃ ہر صاحب نصاب پر فرض ہے اور اسے رمضان میں ادا کرنے سے دوہرا اجر ملتا ہے۔ زکوٰۃ کے علاوہ صدقاتِ نافلہ، فطرانہ اور خیرات بھی ایسے ذرائع ہیں جن کے ذریعے مسکینوں، ضرورت مندوں اور محنت کشوں کی مدد کی جاسکتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے اردگرد ان لوگوں کو تلاش کریں جو واقعی محتاج ہیں اور انہیں مالی امداد فراہم کریں۔ رمضان میں روزے داروں کے لیے سحری اور افطاری کا بندوبست کرنا ایک بڑی نیکی ہے۔ ہم اپنی استطاعت کے مطابق راشن کے تھیلے بنا کر ضرورت مندوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ افطاری کے مواقع پر محنت کش طبقے کو خاص طور پر شامل کرنا چاہیے تاکہ وہ بھی روزہ افطار کرسکیں۔ محنت کش طبقہ، جن میں مزدور، گھریلو ملازمین، رکشہ چلانے والے اور فیکٹری ورکرز شامل ہیں، عام دنوں میں بھی مشکلات کا شکار ہوتے ہیں اور رمضان میں ان کی ضروریات مزید بڑھ جاتی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان کے ساتھ نرمی برتیں، ان کی اجرت بروقت ادا کریں اور اگر ممکن ہو تو انہیں کچھ اضافی رقم یا راشن فراہم کریں۔ فطرانہ ہر صاحب استطاعت مسلمان پر واجب ہے اور اسے عید سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے تاکہ غریب اور مسکین افراد بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔ فطرانے کی رقم کسی بھی قریبی مستحق فرد یا خیراتی تنظیم کے ذریعے مستحقین تک پہنچائی جاسکتی ہے۔ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے لیکن کئی غریب گھرانے اپنے بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری نہیں کرپاتے۔ رمضان میں ہم مستحق بچوں کی فیس ادا کرکے یا انہیں کتابیں، یونیفارم اور اسٹیشنری فراہم کرکے ایک مثبت قدم اٹھا سکتے ہیں۔ ہسپتالوں میں کئی ایسے مریض ہوتے ہیں جو علاج کی سہولیات اور دوائیوں کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے۔ رمضان میں ان کی مالی امداد یا مفت دوائیوں کی فراہمی کا انتظام ایک بہت بڑی نیکی ہے۔ بہت سی فلاحی تنظیمیں رمضان میں ضرورت مندوں کے لیے امدادی مہمات چلاتی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان کے ساتھ مالی یا عملی تعاون کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحقین تک امداد پہنچ سکے۔ ہم اپنے گھروں میں کپڑوں، جوتوں اور دیگر ضروری اشیاء کو بھی عطیہ کرسکتے ہیں تاکہ ضرورت مند افراد ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔ رمضان میں ہمیں اپنے معاشرتی رویوں کو بہتر بنانے اور دوسروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ہمیں غریبوں کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آنا چاہیے اور ان کی دلجوئی کرنی چاہیے تاکہ وہ بھی معاشرے کا اہم حصہ محسوس کریں۔ رمضان المبارک ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم صرف اپنی ذات تک محدود نہ رہیں بلکہ دوسروں کی فلاح و بہبود کا بھی خیال رکھیں۔ مسکینوں، ضرورت مندوں اور محنت کشوں کی مدد کرنے سے نہ صرف ان کی مشکلات کم ہوتی ہیں بلکہ ہمیں بھی روحانی سکون اور اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔ اگر ہم سب اپنی استطاعت کے مطابق اس مقدس مہینے میں دوسروں کی مدد کریں تو ہمارا معاشرہ ایک بہتر جگہ بن سکتا ہے۔

# آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کے سابق صدر نوید حامد کو 'قائد ملت ایوارڈ' دینے کا اعلان



جنوبی ہند کے مشہور و باوقار ادارہ قائد ملت سوشل اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (چنئی) نے آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کے سابق صدر نوید حامد کو 2024 کا 'قائد ملت ایوارڈ' دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹرسٹ کے جنرل سکریٹری ایم جی داؤد میاں خان کے ذریعہ جاری کردہ اطلاع کے مطابق ملک کے مشہور سیاسی و سماجی رہنما قائد ملت محمد اسماعیل مرحوم (بانی انڈین یونین مسلم لیگ) کی یاد میں قائم شدہ، 5 لاکھ روپے، سند توصیفی اور ٹرافی پر مشتمل یہ ایوارڈ 2015 سے ہر سال گرانقدر و بے لوث عوامی خدمات کے لیے دیا جاتا ہے۔ اس بار مشہور ماہر تعلیم ڈاکٹر وی وسنتی دیوی (سابق وائس چانسلر ایم ایس یونیورسٹی) کی زیر صدارت 4 رکنی سلیکشن کمیٹی فار ایوارڈ نے نوید حامد اور جان دیال کو ایوارڈ کا مستحق قرار دیا ہے، جو ان کو اپریل میں ایک بڑے جلسہ میں پیش کیا جائے گا۔ قائد ملت ٹرسٹ یہ ایوارڈ اس سے پہلے تیستا سیتلواڈ، آر نلاکنو، این سنکریا، سید شہاب الدین، مانک سرکار، حامد انصاری، اروندا رائے، اے جی نورانی، ہرش مندر، بلقیس بانو (شاہین باغ کی دادی)، ڈاکٹر عرفان حبیب، تھری کے ویرامنی، دی وائر (ڈیجیٹل پورٹل)، این رام (دی ہندو) اور ڈاکٹر ابوصالح شریف کو پیش کرچکا ہے۔ مشاورت کے قومی صدر فیروز احمد ایڈوکیٹ نے اپنے پیشرو نوید حامد اور معروف صحافی و سماجی خدمت گار جان دیال کو اس باوقار ایوارڈ کے لیے منتخب کیے جانے پر سلیکشن کمیٹی کے ارکان اور ٹرسٹ کے جنرل سکریٹری ایم جی داؤد میاں خان کے لیے نیک خواہشات کے ساتھ انعام یافتگان کو مبارکباد پیش کی ہے۔ 1980ء کے اواخر سے آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کے لیے کام کرتے آئے، نوید حامد 23 جون 1963ء کو دہلی میں پیدا ہوئے اور وہ سیاسی و سماجی زندگی میں اس وقت سے سرگرم عمل ہیں جب دہلی یونیورسٹی کے طالب علم تھے۔ 2016ء سے 2023 تک وہ مشاورت کے صدر رہے ہیں اور فی الحال نائب صدر ہیں۔ یو پی اے حکومت کے دور میں ان کا شمار ملک کے سب سے با اثر مسلم لیڈروں میں ہوتا تھا اور حکومت ہند نے ان کو مسلسل دو میعاد (2004-2014) کے لیے قومی یکجہتی کونسل کا رکن مقرر کیا۔ ساؤتھ ایشین کونسل فار مائنارٹیز (ایس اے سی ایم) کے بانی سکریٹری اور موومنٹ فار امپاورمنٹ آف مسلم انڈینس (MOEMIN) کے قومی جنرل سکریٹری کی حیثیت سے بھی انہوں نے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ وہ 2008ء میں نئی دہلی گلوبل مائنارٹیز میٹ کے موقع پر 18 ملکوں کے مندوبین کی موجوگی میں گلوبل مائنارٹیز فورم فار جسٹس اینڈ پیس کے جنرل سکریٹری منتخب کیے گئے تھے۔ 2023-24 میں انہوں نے آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت اور متعدد دلت، عیسائی اور دیگر مظلوم اقوام کی تنظیموں کو ساتھ لاکر 'وائلنس فری انڈیا' مہم منظم کیا۔

# ایک طرف ہے شور تیسری عالمگیر جنگ کا دوسری طرف ہنگامہ اردو- ہندی کی نوحہ گری کا

**خورشید فرازی**




ایک طرف جہاں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ، یوکرین کے صدر زیلنسکی اور روسی صدر ولادیمیر پوتن تیسری عالمگیر جنگ (نیوکلیائی جنگ) کی طرف بے خوف وخطر بڑھ رہے ہیں اور ایسا حتمی فیصلہ کرچکے ہیں کہ دنیا میں تیسری عالمگیر جنگ ہو اور اس مرتبہ جنگ ایسی ہو کہ دنیا کی نصف آبادی صاف ہوجائے جس کے بعد دنیا سے بیروزگاری کا خاتمہ ہو اور کم از کم ایک دہائی تک نوکریوں کی کوئی کمی نہیں ہوگی اور دنیا چارلی چیپلین کے موڈرن ٹائمز کی طرح نظر آئے گی اور پھر سے نئی نئی کہانیاں جیسے اے سٹی آف بلیک باسٹرڈ، اے برج ٹو فار، لونگسیٹ ڈے آف تھرڈ کائینڈ اور اے ٹیل آف ٹو سٹیز لکھی جائے جو پورے یورپ کو شہر خموشاں بنا کر رکھ دے۔ جس طرح سے اس وقت امریکہ کے تعاون سے اس کے لے پالک اسرائیل نے غزہ کو قبرستان بنا کر رکھ دیا ہے اور جہاں شہر خونچکاں کے علمبردار ڈونالڈ ٹرمپ ایک پکنک اسپاٹ بنانا چاہتے ہیں جہاں وہ بہت ساری ریڈ لائیٹ کی عورتوں کو لاکر رکھیں اور ان کے ساتھ جی بھر کر عیاشی کریں، لیکن اس معاہدے کے ساتھ کہ وہ سب ان کی حرکت کی ویڈیو فلم نہیں بنائیں گی اور نہ ہی مستقبل میں انہیں بلیک میل کریں گی تاکہ ملین ڈالر دے کر ان کی زبان خاموش کرنی پڑے اور ایسے بدقماش اور بدکردار وعادت واطوار سے بڑے شخص کی نامزدگی نوبل امن انعام پانے کے لئے ہوئی ہے جس میں اس مرتبہ نامزدگی 300 نامزدگیاں ہوئی ہیں جس میں ایک نام ڈونالڈ ٹرمپ کا ہے اور ممکن ہے روسی صدر پوتن نے جس طرح سے ٹرمپ کو 2016 اور 2024 میں صدر امریکہ بنایا، اس مرتبہ وہ ٹرمپ کو امن کا نوبل انعام بھی دلادیں، پتہ نہیں کیوں اس نامزدگی میں جس میں 300 لوگوں کے نام ہیں اس میں اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو اور جو بائیڈن کا نام کیوں نہیں ہے۔

بہرکیف یورپ والے اس وقت تیسری عالمگیر جنگ شروع کرانے کے ہیر پھیر میں ہیں اور ہندستان میں اردو اور ہندی کی جنگ لادی جارہی ہے اور ایسے نعرے بلند کئے جارہے ہیں ''ہندو- ہندی- ہندستان'' بمقابلہ اردو- مسلم- پاکستان'' لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ عقل سے پیدل ان لوگوں کو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ آخر اردو زبان کو ان لوگوں نے مسلمانوں کی زبان بنا کر کیوں رکھ دیا ہے جبکہ یہ ہندستان کی زبان ہے اور جدید ہندستانی زبانوں میں ایک اردو ہے۔ ویسے تو کرشن چندر- گوپی چند نارنگ، راجندر سنگھ بیدی، منشی پریم چند، فراق گورکھپوری، دیا شنکر نسیم، مہاراجہ چندولال سدن، برج موہن دتاتریہ کیفی، برج نرائن چکسبت، تلوک چند محروم، رام لعل سے لیکر گلزار اور سالک لکھنوی تک یہ کہہ گئے ہیں کہ جو لوگ اردو کو مسلمانوں کی زبان کہہ کر اس شیریں اور ہردلعزیز زبان کی وسعت کو کم کرنے کی حماقت کرتے ہیں وہ ہندی زبان کے شائق نہیں بلکہ دشمن ہیں۔ واضح رہے کہ اردو زبان کو موڈرن انڈین لینگویج ہے جو ہندی، بنگلہ، پراکرت، اپ برنش، کھڑی بولی، اودھی، سنسکرت سے مل کر بنی ہے اور اسے لشکری زبان بھی کہتے ہیں کیونکہ ہندست ان میں وقفے وقفے سے غیر ملکی مسلم حکمرانوں نے حملے کئے اور خاص طور پر مغل شہنشاہوں نے بھی یہاں حکومت کی اور ان کی فوجیں عام بول چال کی زبانیں جو مختلف زبانوں کے الفاظ سے ملاجلا کر کرتے تھے، اس وجہ سے انہوں نے جس زبان کا باقاعدہ استعمال کیا اسے اردو (لشکری) زبان کا نام دیا۔ اردو میں لشکر فوج کو کہتے ہیں اور چونکہ اس زبان کا استعمال فوجی اپنے کام کاج اور اشیاء کی خرید وفروخت کے لئے کرتے تھے اس لئے اسے لشکری زبان کا نام دیا گیا۔ مشہور ہندی شاعر و ادیب اور معروف اداکار امیتابھ بچن کے والد ہری ونش رائے بچن نے کہا کہ آزادی سے پہلے ہر گھر میں اردو کی تعلیم لازمی سمجھی جاتی تھی اور ہندو خاندان کے لوگ اپنے بچوں کو مولویوں کے گھر پر اردو اور عربی کی تعلیم کے لئے بھیجتے تھے کیونکہ وہ اس حقیقت سے اچھی طرح سے واقف تھے کہ اگر ان کے بچے مولویوں کے گھر جاکر اردو اور عربی کی تعلیم حاصل کرتے ہیں تو ان کے بچے نہ صرف اعلیٰ تعلیم سے ہمکنار ہوں گے بلکہ بااخلاق بھی ہوں گے کیونکہ مولوی صاحب ان بچوں کو اردو عربی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ وہ درس بھی دیتے تھے جس کے ذریعہ وہ بچے آگے چل کر بااخلاق بنیں اور دنیا میں ناموری حاصل کریں اور دنیا انہیں نیک اور اعلیٰ انسان کے طور پر قبول کرے۔ اس وقت ہندستان کی جگل جوڑی نریندر مودی اور یوگی ادتیہ ناتھ مل کر حتی الامکان کوشش کررہے ہیں کہ ہندستان میں اردو کا کوئی نام لیوا نہ ہو، سبھی ہندی پڑھیں، لیکن سوال یہ ہے کہ مودی تو گجراتی ہیں اور انہیں ہندی ٹھیک سے نہیں آتی ار اسی طرح سے مندر کے پروہت سے وزیر اعلیٰ کی کرسی میں چھلانگ لگانے والے یوگی ادتیہ ناتھ اسمبلی میں ہندی بولتے ہیں یا اشلوک پڑھتے ہیں اور وہ بھی صحیح پڑھتے ہیں یا نہیں لیکن ہندی کو لادنے میں انہوں نے بتہ سارے کرتب دکھائے ہیں۔

☆

# وویوین رچرڈز: ویسٹ انڈیز کا وہ شیر بلے باز جو گیند بازوں کا کبھی خاطر میں نہ لایا





نئی دہلی، 7 مارچ (یو این آئی) ویو رچرڈز ویسٹ انڈیز کے وہ مایہ ناز بلے باز ہیں جن کی شہرت پوری دنیا میں ہے۔ ویسٹ انڈیز کا وہ مڈل آرڈر بلے باز جس نے بلے بازی میں تو اپنے جوہر دکھائے ساتھ ساتھ اسپن گیند بازی میں بھی کمال دکھایا۔ رچرڈز ایک ایسا بلے باز رہے جن کی سویپ اور ہٹ کرنے کی صلاحیت کا اندازہ ہر دور کے بلے بازوں کی صلاحیتوں سے لگایا جاتا ہے۔ دائیں ہاتھ کے اس تیز طرار بلے باز کا بیٹنگ کرنے کا اسٹائل دوسرے بلے بازوں سے ذرا جدا تھا۔ جس وقت رچرڈز بلے بازی کے لیے میدان میں اترتے، تو بڑی ہی شان اور پر اعتماد طریقے سے کریز پر آتے۔ انہیں دیکھ کر گیند بازوں کی دھڑکنیں تیز ہو جاتیں۔ تماشائیوں کا جوش دوبالا ہو جاتا اور تبصرہ نگاروں کی آوازوں میں تال میل بڑھ جاتا تھا۔ ایک نڈر اور بہادر بلے باز جس نے بلے بازی کے لئے کبھی ہیلمٹ پہننا ضروری نہیں سمجھا۔

رچرڈز جنہیں اپنے دور کا سب سے تباہ کن بلے باز کہا جاتا ہے، بڑے بڑے گیند باز ان کی بلے بازی کے آگے تھرّا جاتے تھے۔ وہ بہت ہی آسانی سے گیند کو اسٹیڈیم کے پار پہنچانے میں مہارت رکھتے تھے۔ بعض اوقات تو حریف ٹیم کے گیند باز ان کے سامنے گیند بازی کرنے سے کتراتے تھے۔

اس زمانے میں جب رچرڈز نے بغیر ہیلمٹ کے کھیلنا شروع کیا تو تیز بلے بازی کرنے کا رجحان بہت کم تھا۔ جارح بلے بازی جیسے الفاظ کم استعمال ہوتے تھے۔ لیکن جب سے ویو رچرڈز نے کھیلنا شروع کیا تو کرکٹ میں آگ، طوفانی، تیز، تباہ کن، مہلک اور زبردست جیسی صفتوں جیسے الفاظ نے بلے بازی کے لئے اپنا مقام حاصل کر لیا ہے۔ رچرڈز کا پورا نام- آئزک ویوین الیگزینڈر رچرڈز ہے۔ اس 5 فٹ 10 انچ بلے باز کی پیدائش 7 مارچ 1952 کو سینٹ جان ویسٹ انڈیز میں ہوئی۔ انہوں نے ویسٹ انڈیز کے علاوہ گھریلو ٹیمیں- گلیمورگن، کوئنز لینڈ، سمرسیٹ کے لئے بھی بلے بازی کی۔ ویوین رچرڈز ویسٹ انڈیز کے ملک انیگوا اور باربوڈا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد میلکم رچرڈز جیل میں ایک افسر کے عہدے پر فائز تھے۔ رچرڈز نے اینیگوا کے لیے کرکٹ کھیلی۔ ایک جیل افسر ہونے کے ناطے رچرڈز کے والد میلکم بہت سخت اور نظم و ضبط کے پابند تھے۔ میلکم نے ویوین رچرڈز کی کرکٹ کھیلنے کے لیے بہت حوصلہ افزائی کی۔ ویو رچرڈز نے ہائی اسکول کے بعد تعلیم درمیان میں ہی چھوڑ دی اور اپنی تمام تر توجہ کرکٹ پر مرکوز کر دی۔ اس وقت ان کی عمر 18 برس تھی۔

رچرڈز 1975 اور 1979 کا ورلڈ کپ جیتنے والی ویسٹ انڈیز ٹیم کے رکن تھے، کرکٹ کے شائقین آج بھی سال 1979 کے ورلڈ کپ کے فائنل میں ان کی 189 رنز کی جادوئی اننگز کو نہیں بھول سکے ہیں۔

ووین رچرڈز مقررہ اوورز کے فارمیٹ میں سب سے زیادہ دھماکہ خیز بلے بازوں میں سے ایک مانے جاتے ہیں۔ تجربہ کار اور تیز گیند باز بھی ان کے سامنے کانپتے تھے۔ وہ کسی بھی باؤلنگ اٹیک کی دھجیاں بکھیرنے کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ وہ ڈینس للّی، عمران خان جیسے تجربہ کار تیز گیند بازوں کی گیند کو باؤنڈری کے پار بہت آرام سے پہنچا دیا کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ٹیسٹ اور ون ڈے دونوں میں ان کی بیٹنگ اوسط 47 سے زیادہ تھی۔

اپنے کیریئر میں رچرڈز نے 121 ٹیسٹ کی 182 اننگز میں مجموعی طور پر 8540 رنز بنائے جس میں ان کی اوسط 50.23 تھی۔ انہوں نے اپنے ٹیسٹ کیریئر میں 24 سنچریاں اور 45 نصف سنچریاں بنائیں۔ انہوں نے 187 ون ڈے میچوں میں 11 سنچریاں اور 45 نصف سنچریاں بنا کر مجموعی طور پر 6721 رنز بنائے۔ ٹیسٹ میں جہاں ان کا بہترین اسکور 291 رنز تھا، وہیں ون ڈے میں ان کے ناقابل شکست 189 رنز تھے۔


فرسٹ کلاس میچوں میں انہوں نے 507 میچ کھیل کر 36212 رن بنائے جس میں ان کے 322 رن بہترین اسکور میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان میچوں میں انہوں نے 114 سنچریاں اور 162 نصف سنچریاں بنائیں۔ بنیادی طور پر رچرڈز بلے باز تھے۔ لیکن بلے بازی کے ساتھ ساتھ انہوں نے اسپین گیند بازی میں اپنے جوہر دکھائے۔ 121 وہ رائٹ آرم سلو، آف بریک گیند بازی کرتے تھے۔ ٹسٹ میچوں میں انہوں نے 1964 رن دے کر 32 وکٹ حاصل کئے۔ جبکہ 187 ایک روزہ میچوں میں انہوں نے 187 میچوں میں 5644 رن دے کر 118 وکٹ حاصل کیں۔

اس کے بعد دہلی میں کھیلے گئے اگلے ہی ٹیسٹ میں رچرڈز نے ناقابل شکست 192 رنز بنائے اور وہ حاوی ہو گئے۔ اس کے بعد اس نے کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ جب وہ چیونگم چباتے ہوئے گراؤنڈ میں داخل ہوتے تھے تو گیند باز کو پسینہ آ جاتا تھا۔ وہ کرکٹ میں سویگ لانے کے لیے جانا جاتا ہے۔ تب تبصرے کرنے والے کہتے تھے - اس کرکٹر کی چال جنگل میں چلنے والے شیر کی طرح ہے۔


ووِیو رچرڈ نے اپنے ٹیسٹ ڈیبیو - 22 نومبر 1974 کو ہندوستان کے خلاف کیا جبکہ آخری ٹیسٹ - 08 اگست 1991 کو انگلینڈ کے خلاف کیا۔ انہوں نے اپنا پہلا ایک روزہ میچ 7 جون 1974 کو سری لنکا کے خلاف کھیلا۔ جبکہ اپنا آخری ون ڈے - 27 مئی 1992 کو انگلینڈ کے خلاف کھیلا۔ اگر یہ کہا جائے کہ ون ڈے کرکٹ کے قیام میں ویوین رچرڈز کا بڑا کردار تھا تو مبالغہ آرائی نہ ہوگی۔ انہوں نے 1975 سے 1991 کے درمیان ون ڈے میچوں میں 90 کے اسٹرائیک ریٹ سے بلے بازی کی۔ آج کے دور میں 90 کا اسٹرائیک ریٹ بہت بڑی بات ہے، جب وکٹیں بلے بازوں کے لیے زیادہ مددگار ثابت ہوئی ہیں۔

1984 میں جب ون ڈے کرکٹ کا بچپن گزر رہا تھا، رچرڈز نے 170 گیندوں پر 20 چوکوں اور پانچ چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 189 رنز بنائے۔ ڈبل سنچری سے صرف 11 رنز دور تھے۔ تین سال بعد 1987 میں انہوں نے دوبارہ 187 رنز بنائے۔ ون ڈے میں سب سے زیادہ اسکور کا ان کا ریکارڈ 13 سال تک قائم رہا۔ 1997 میں پاکستان کے سعید انور نے بھارت کے خلاف 194 رنز بنا کر یہ ریکارڈ اپنایا تھا۔ ٹیسٹ میں سنچری بنانے کے لیے کوئی بھی کرکٹر ہڑبڑی میں بلے بازی نہیں کرتا۔ اس زمانے میں ٹیسٹ کرکٹ اپنے دھیمے انداز کے لیے مشہور تھی۔ کوئی بھی بلے باز تباہ کن یا آتشی اننگز کھیلنے کے بارے میں سوچتا بھی نہیں تھا۔ ایسے میں رچرڈز نے صرف 56 گیندوں میں ٹیسٹ سنچری بنا کر ثابت کر دیا کہ وہ ایسے ہی جارحہ بلے باز نہیں ہیں۔ 1986 میں انہوں نے انگلینڈ کے خلاف صرف 56 گیندوں میں سنچری بنائی، یہ ریکارڈ 30 سال تک قائم رہا۔

سال 88-1987 میں ویوین رچرڈز کی کپتانی میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم ہندوستان کے دورے پر آئی۔ پہلا ٹیسٹ دہلی کے فیروز شاہ کوٹلہ گراؤنڈ میں کھیلا گیا۔ پہلے ہی ٹیسٹ میں رچرڈز نے 111 گیندوں میں 109 رنز کی دھماکہ خیز اننگز کھیل کر ہندستان کو پانچ وکٹوں سے شکست دی۔ وہ پہلے ہی تباہ کن بلے باز کے طور پر دنیا بھر میں شہرت رکھتے تھے۔ اس اننگز نے انہیں ہندوستان میں اور مشہور کر دیا۔ سال 1991 میں انہوں نے کرکٹ کو خیرباد کہہ دیا۔ لیکن اس وقت تک وہ بلاشبہ ڈان بریڈمین کے بعد دوسرے سب سے زیادہ بااثر کرکٹر بن چکے تھے۔ کرکٹرز کی آنے والی نسلوں میں بھڑکیلے انداز میں کھیلنے والے بلے بازوں کا موازنہ ہمیشہ رچرڈز سے کیا جاتا ہے۔ اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا۔ آج کا ہر نوجوان بلے باز رچرڈز کے انداز کو کاپی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔



# میڈی گرین کی سنچری، نیوزی لینڈ خاتون ٹیم نے سری لنکا کو 78 رن سے دی شکست



نیلسن، 7 مارچ (یو این آئی) میڈی گرین (100) کی سنچری اور ہنا راو (چار وکٹ) کی شاندار کارکردگی کی بدولت نیوزی لینڈ کی خواتین نے جمعہ کو دوسرے ون ڈے میں سری لنکا کو 78 رن سے شکست دے دی۔ 246 رنوں کے ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کا آغاز اچھا نہیں رہا کیونکہ 31 کے اسکور پر اس کے دو وکٹ گر گئے۔ کپتان چماری اٹاپٹو (11) اور وشمی گنارتنے (آٹھ) رن بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ اس کے بعد ہرشیتا سمرو کرما اور کویشا دلہری کی جوڑی نے اننگز کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان تیسرے وکٹ کے لیے 68 رن کی شراکت ہوئی۔ ایڈن کارسن نے کویشا دلہری (25) کو آؤٹ کر کے شراکت توڑی۔ اس کے بعد سری لنکا کی کوئی بھی بلے باز نیوزی لینڈ کے بالنگ اٹیک کے سامنے زیادہ دیر تک زندہ نہ رہ سکی۔ منوڈی نانایکارا (0)، ہرشیتا سمرو کرما (59) نے 77 گیندوں پر چار چوکے لگائے۔ نیلکشیکا سلوا (20)، انوشکا سنجیونی (13)، اچینی کلسوریا (1)، انوشی پریہ درشنی (0)، چیتنا ویمکتی (3) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئیں۔ نیوزی لینڈ کے بالنگ اٹیک کے سامنے سری لنکا کی پوری ٹیم 46.4 اووروں میں 167 رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے ہنا روے نے چار وکٹ حاصل کئے۔ بری النگ اور ایڈن کارسن نے دو دو وکٹ حاصل کئے۔ سوزی بیٹس نے ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل آج نیوزی لینڈ کی خاتون ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ نیوزی لینڈ کی شروعات اچھی نہیں رہی اور اس نے 59 کے اسکور پر چار وکٹ گنوا دیئے۔ سوزی بیٹس (پانچ)، ایما میکلیوڈ (چھ)، بروک ہالیڈے (چھ) اور جارجیا پلمر (28) رن بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والی میڈی گرین نے اننگز کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ ازابیلا گیج (19) اور جیس کیر (38) اسکور کرنے والی آخری کھلاڑی تھیں۔ میڈی گرین نے 109 گیندوں میں سات چوکوں کی مدد سے (100) رن بنائے۔ وہ 50ویں اوور کی تیسری گیند پر رن آؤٹ ہو گئیں۔ نیوزی لینڈ نے مقررہ 50 اووروں میں سات وکٹوں پر 245 رن بنائے۔

سری لنکا کی جانب سے چماری اٹاپٹو نے دو وکٹ حاصل کئے۔ اچینی کلسوریا، انوشی پریہ درشنی اور کویشا دلہری نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔



☆


# ممبئی انڈینس نے یوپی واریئرز کو چھ وکٹوں سے ہرایا



7 مارچ: امیلیا کیر (پانچ وکٹ) اور ہیلی میتھیوز (دو وکٹ/68 رن) کی شاندار کارکردگی کی بدولت ممبئی انڈینس نے جمعرات کو ویمنز پریمئر لیگ کے 16ویں میچ میں یوپی واریئرز کو نو گیندیں باقی رہتے ہوئے چھ وکٹ سے شکست دے دی۔ چھ میچوں میں ممبئی انڈینس کی یہ چوتھی جیت ہے۔ ممبئی انڈینس، جو یوپی واریرز کے 150 کے جواب میں بلے بازی کے لیے اتری تھی، کی شروعات اچھی نہیں تھی کیونکہ اس نے 24 کے اسکور پر امیلیا کیر (10) کو کھو دیا۔ اس کے بعد نیٹ اسکیور برنٹ بیٹنگ کے لیے آئی اور ہیلی میتھیوز کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان دوسری وکٹ کے لیے 92 رنز کی شراکت ہوئی۔ گریس ہیرس نے 13ویں اوور میں نیٹ سکیور برنٹ کو آؤٹ کر کے اس شراکت داری کو توڑا۔ نیٹ سکیور برنٹ نے 23 گیندوں میں سات چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنائے۔ 14ویں اوور میں کرینتی گاڈ نے ہیلی میتھیوز کو آؤٹ کر کے پویلین بھیج دیا۔ ہیلی میتھیوز نے صرف 46 گیندوں پر آٹھ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 68 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ کپتان ہرمن پریت کور (چار) چوتھی وکٹ پر آؤٹ ہوئیں۔ 19ویں اوور کی تیسری گیند پر یستیکا بھاٹیہ نے فاتحانہ چوکا لگا کر اسکور کو پانچ وکٹ پر 153 تک پہنچایا اور اپنی ٹیم کو چھ وکٹوں سے جیت دلائی۔ یستیکا بھاٹیہ (10) اور امن جوت کور (12) ناٹ آؤٹ رہیں۔ یوپی واریرز کی جانب سے گریس ہیرس نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ شنیل ہنری اور کرینتی گاڈ نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

اس سے پہلے آج ممبئی انڈینس کی کپتان ہرمن پریت کور نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے آتے ہوئے، گریس ہیرس اور جارجیا وال نے پہلی وکٹ کے لیے 74 رنز بنا کر یوپی واریئرز کو مضبوط آغاز فراہم کیا۔ ہیلی میتھیوز نے ساتویں اوور میں گریس ہیرس کو آؤٹ کر کے اس شراکت کو توڑا۔ اس کے بعد امیلیا کیر نے کرن نوگیرے (0) کو آؤٹ کیا۔ جارجیا وال نے 33 گیندوں پر 12 چوکوں کی مدد سے 55 رنز بنائے۔ وہ 12ویں اوور میں نیٹ سکیور برنٹ کے ہاتھوں بولڈ ہو گئے۔ اس کے بعد ممبئی بالنگ اٹیک کے خلاف یوپی کا کوئی بھی بلے باز زیادہ دیر تک زندہ نہ ٹھہر سکا۔ دنیش ورندا (10)، شنیل ہنری (چھ)، شویتا سہراوت (صفر)، اوما چھتری (ایک) اور سوفی ایکلسٹون (16) آؤٹ ہوئے۔ ممبئی انڈینس کے گیند بازوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے یوپی واریئرز کی پوری ٹیم کو مقررہ 20 اوورز میں نو وکٹوں پر 150 رنز تک محدود کر دیا۔ ممبئی انڈینس کی جانب سے امیلیا کیر نے پانچ جبکہ ہیلی میتھیوز نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ پارونیکا سسودیا اور نیٹ سکیور برنٹ نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

# اگر مجھے انگلینڈ کی ٹیسٹ سیریز کے لیے موقع ملتا ہے تو میں تیار ہوں: پجارا



کولکتہ، 7 مارچ (یو این آئی) تجربہ کار ہندوستانی کرکٹر چتیشور پجارا نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کی بھوک اور بھی بڑھ گئی ہے، اگر مجھے موقع ملا تو میں اسے حاصل کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہوں۔ جمعرات کو ایک میڈیا کنکلیو میں جب ان سے ہندوستانی ٹیم میں واپسی کے بارے میں پوچھا گیا تو پجارا نے کہا کہ میں ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہا ہوں۔ موقع ملا تو میں اس کے لئے پوری طرح سے تیار ہوں۔ سیریز میں کھیلنے کی میری بھوک مزید بڑھ گئی ہے۔ جب آپ بڑے ہو جاتے ہیں تو آپ کو اور زیادہ محنت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا، [؟] ہمارے پاس گیند بازی ہے۔ ہمیں بورڈ پر رنز بنانے کی ضرورت ہے اور ہمارے پاس ایسا کرنے کے لیے کھلاڑی موجود ہیں۔ ہمیں وہاں کی گیند بازی اور حالات کا احترام کرنا ہوگا۔'' ہندوستانی ٹیسٹ ٹیم میں تیسرے نمبر پر مضبوط ستون رہنے والے چتیشور پجارا اس وقت ہندوستانی ٹیم سے باہر ہیں۔ وہ ٹیم میں واپسی اور مضبوط واپسی کا موقع حاصل کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ہندوستان کو انگلینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز کھیلنی ہے۔ انڈین پریمیئر لیگ کے بعد شروع ہونے والی یہ ٹیسٹ سیریز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2025-27 کا حصہ ہوگی۔ پجارا سوراشٹرا کی رنجی ٹرافی ٹیم کا حصہ ہیں۔ اس سیزن میں انہوں نے چھتیس گڑھ کے خلاف 234 اور آسام کے خلاف 99 رنز بنائے ہیں۔ رنجی ٹرافی میں ان کی کارکردگی ملی جلی رہی ہے۔ ان کا تجربہ اور غیر ملکی پچوں پر کامیابی انہیں ٹیم میں واپسی کا مضبوط دعویدار بناتی ہے۔

